
ہدایت نامہ برائے مریضاں

# ریٹینوبلاسٹوما



علاج کے دوران علاج پر ردعمل کا جائزہ لینے کے لیے متعدد بار EUA کی ضرورت ہوتی ہے۔
علاج کے دوران مریض مضر اثرات کا سامنا کر سکتا ہے اور معالج اس کا جائزہ لے گا۔

## فالواپ نگہداشت

علاج کے بعد آنکھ کا ماہر ڈاکٹر تندرست ریٹینا کے تعین، کینسر کی عدم واپسی اور نئی رسولیوں کی پیدائش کا جائزہ لینے کے لیے انیستھیزیا میں بچے کی آنکھ کا معائنہ کرے گا۔
ریٹینوبلاسٹوما کی موروثی شکل کی صورت میں عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ دیگر اقسام کے کینسر لاحق ہونے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ بالغ ہونے پر ان بچوں کا تفصیلی فالواپ ضروری ہے۔

پیغام: ابتدائی مرحلہ میں تشخیص سے بصارت، آنکھ اور زندگی بچ سکتی ہے۔ تشخیص میں تاخیر خطرناک ہوسکتی ہے اور بصارت سے مستقل محرومی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ یہ دماغ اور ہڈیوں میں پھیل سکتا ہے اور علاج نہ ہونے کی وجہ سے موت کا باعث بن سکتا ہے۔

### ہمارا مشن

**"ہمارا مشن ایک مثالی ادارہ کے طور پر کام کرتے ہوئے جدید علاج اور مرض کی شدت کم کرنے کے طبّی طریقوں کے ذریعے کینسر میں مبتلا مریضوں، قطع نظر کہ وہ اخراجات ادا کر سکتے ہیں یا نہیں، کو جدید معالجاتی سہولیات اور خدمات فراہم کرنا، نیز طبّ سے وابستہ اور عام افراد کی تعلیم و تربیت اور کینسر کی وجوہات اور اس کے علاج پر تحقیق کرنا ہے۔"**


شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال اور ریسرچ سینٹر

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
Lahore: 7-A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan
Tel: +92 42 359 5000 | UAN: 042 111 155 555
Peshawar: 5-B, Sector A-2, Phase V, Hayatabad, Peshawar, Pakistan
Tel: +92 91 588 5000 | UAN: 091 111 155 555
Karachi Diagnostic Centre and Clinic
DDCH1, 1st Street, Phase VII Extension DHA, Karachi, Pakistan
Tel: +92 21 3531 8495-99 | UAN: +92 (21) 111 756 756
www.shaukatkhanum.org.pk

## ریٹینو بلاسٹوما (Retinoblastoma) سے کیا مراد ہے؟

ریٹینو بلاسٹوما پانچ سال سے کم عمر بچوں میں آنکھ کا کینسر ہے جو بچوں کے تمام کینسر کا 3 فیصد ہے۔ یہ کینسر تیزی سے بڑھنے والے ناپختہ خلیوں کی وجہ سے آنکھ کی روشنی کی انتہائی حساس جلد (یعنی ریٹینا) میں پیدا ہوتا ہے۔ ریٹینو بلاسٹوما کی دو اقسام ہیں:

- موروثی قسم (40 فی صد) اکثر دونوں آنکھوں اور بعض اوقات ایک آنکھ میں رسولیاں پیدا ہوتی ہیں۔ ریٹینو بلاسٹوما کی ابتدائی تشخیص پر چھوٹے بہن بھائی کی آنکھ کا معائنہ کرانا چاہیے۔
- غیر موروثی قسم (60 فی صد) یہ خاندان میں منتقل نہیں ہوتی۔ صرف ایک آنکھ میں رسولی پیدا ہوتی ہے۔

## ریٹینو بلاسٹوما کی وجوہات:

تقریباً تمام صورتوں میں ریٹینو بلاسٹوما جین (RB1) میں بے قاعدگی کی وجہ سے ریٹینو بلاسٹوما کی بیماری پیدا ہوتی ہے۔

## ریٹینو بلاسٹوما کس صورت میں پیدا ہوتا ہے؟

یہ مندرجہ ذیل صورتوں میں موجود ہوتا ہے۔

- سفید دانا نظر آنا
- آنکھ کا ٹیڑھا پن
- ناقص بصارت
- آنکھ کا سائز بڑھنا
- نمدار اور درد سے بھرپور سرخ آنکھیں
- آنکھ کی سوجن
- آنکھ کا پھوڑا
- سکڑی ہوئی آنکھیں


آنکھ کا سائز بڑھنا


سفید دانا نظر آنا


نمدار اور درد سے بھرپور سرخ آنکھیں


آنکھ کا ٹیڑھا پن


سکڑی ہوئی آنکھیں

## ریٹینو بلاسٹوما کی تشخیص کیسے کی جاتی ہے؟

- آنکھوں کا ماہر ڈاکٹر (آپتھالمالوجسٹ) اینستھیزیا میں بچے کی آنکھ کا معائنہ (EUA) کرتا ہے۔ کینسر کی تمام دیگر اقسام کے برعکس ریٹینو بلاسٹوما کی تشخیص صرف دیکھ کر کی جاسکتی ہے۔
- آنکھوں کا الٹرا ساونڈ/B سکین
- MRI (میگنیٹک ریزونینس امیجنگ) سکین۔ اس سے آنکھ قریبی ٹشوز اور سر کی مکمل تصویر لی جاتی ہے۔

## سٹیجنگ

### انٹرا آکیولر ریٹینو بلاسٹوما

یہ بیماری ایک یا دونوں آنکھوں میں ہوسکتی ہے۔ لیکن یہ آنکھ کے دیگر حصوں یا قریبی ٹشوز میں منتقل نہیں ہوتی۔ یہ مرحلہ مزید 5 گریڈز (E-A) میں تقسیم کیا جاسکتا ہے جو کینسر کی جگہ اور سائز اور آنکھ کے نقص پر منحصر ہوتا ہے۔

### ایکسٹرا آکیولر ریٹینو بلاسٹوما

یہ کینسر آنکھ سے باہر آنکھ کی ساکٹ یا جسم کے دیگر حصوں یعنی دماغ، ہڈی اور ہڈیوں کے گودے میں منتقل ہوسکتا ہے۔

## علاج

ایک یا دونوں آنکھوں میں رسولی، اس کی تعداد، پوزیشن، سائز، بصارت میں کمی اور جسم کے دیگر حصوں میں اس کے پھیلاؤ پر علاج منحصر ہوتا ہے۔ علاج کا مقصد ابتدائی طور پر کینسر سے چھٹکارا اور آنکھ کی بصارت کو برقرار رکھنا ہے۔ تاہم، آنکھ کی ساکٹ، دماغ، ہڈیوں یا ہڈیوں کے گودے تک پھیلنے والے ریٹینو بلاسٹوما کا علاج مختلف اور ناقص ہوتا ہے۔

- لوکل تھراپی میں لیزر تھراپی، کرائیوتھراپی، تھرموتھراپی اور چھوٹے سائز کی رسولی کے لیے انٹراوٹریئل کیموتھراپی
- کیموتھراپی
- انٹرا۔ آرٹریئل کیموتھراپی
- سرجری (اینوکلی ایشن)
- ریڈیوتھراپی